# 7182 ـ غیرمسلموں کے لیے علمی مراجع ( ویڈیو اورآڈیوکیسٹیں ، کتابیں )

**سوال**

مجھے آپ کی طرف یہ خط لکھتے ہوئے بڑی خوشی محسوس ہورہی ہے جس کے ذریعہ میں آپ سے رائے اورتعاون چاہتا ہوں ۔
ہم جس شہر میں رہائش پزیر ہیں وہاں ہم نے " اسلامی معلومات کامرکز " کے نام سے ایک مشروع اورپروگرام کا آغاز کیا ہے ، اب ہم اس کے لیے افضل و مناسب مواد کی معلومات کے حصول کی کوششیں کررہے ہیں ۔
اس میں پہلاقدم اٹھاتے ہوئے ان معلومات کا حصول شروع ہوچکا ہے ، اوران شاءاللہ اس کے بعد ہم مواد کے مزید نسخے حاصل کرکے اپنے شہرکی عام لائبریریوں اور دوسری جگہوں میں تقسیم کریں گے ۔
ہمارے خیال میں یہ مواد مندرجہ ذیل اشیاء پرمشتمل ہونا چاہیے :
ایک یا دوکتابیں ، اور ایک یا دوآڈیو کیسٹیں ، ایک یا دو ویڈیوکیسٹیں ، تواب میرا سوال یہ ہے کہ :
آپ کی رائے میں غیر مسلموں کے لیے کون سی کتاب مناسب اورافضل رہے گی ( کون سی دوکتابیں افضل ہوں گی ) ؟
غیر مسلموں کے لیے کون سی آڈیوکیسٹ افضل ہوں گی ؟
کون سی ویڈیو کیسٹ غیر مسلموں کے لیے مناسب اورافضل ثابت ہوگی ؟
میرے خیال میں یہ مواد ایسا ہونا چاہیے کہ :
ا – مواد شوق پیدا کرنے والا ہو
ب – مواد مختصر ہو
ج – مواد بسیط اوراپنے موضوع میں بے جان نہ ہو
مندرجہ بالا سوالات کے جواب دینے پرمیں آپ کا شکرگزارہوں ۔

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

اول :

ہم غیرمسلموں کے لیے جن کتابوں کی نصحیت کرتے ان مندرجہ ذیل کتب شامل ہیں :

1 ـ " كيف تدخل في الإسلام " آپ اسلام میں کیسے داخل ہوں تالیف محمد بن سلمان الاشقر ۔

2 ـ " لاتحزن " غم نہ کریں ، تالیف شیخ عائض القرنی

دوم :

اورکیسٹوں کے بارہ میں ہم یہ کہیں گہ :

1 ـ " دعوة للتامل " غوروفکر اورسوچ بچار کی دعوت ، شیخ عائض القرنی ۔

سوم :

اورویڈیوں کیسٹوں کے بارہ میں ہماری نصیحت ہے کہ :

1 ـ " انہ الحق " یقینی حق ، شیخ عبدالمجید الزندانی

2 ـ " مناضرات احمد دیدات " احمددیدات کی مناظرے ۔

اللہ سبحانہ وتعالی آپ کواپنی رضامندی اورمحبت کے حصول والے کام کرنے کی توفیق دے ۔

واللہ اعلم .